موبائل کلینک سے 40 ہزار لوگوں کو ملی راحت

پٹنہ (اسٹاف رپورٹر) سیلاب کا قہر سے بچانے کیلئے کوئک ہل فاؤنڈیشن نے اہم رول ادا کیا ہے۔ واضح ہو کہ سیلاب کا پانی دیہی علاقوں میں ہر سال پھیلنے کی وجہ سے عوام کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ پٹنہ اور گوپال گنج ضلع کے 80 سے زیادہ گاؤں سیلاب کی زد میں آتے ہیں۔ جس کی وجہ سے ان گاؤں کے باشندوں کو بیماری کے چیلنج کا بھی سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس مسئلے کا حل نکالنے کیلئے کوئک ہل ٹکنالوجی کی سی ایس آر اکائی، کوئک ہل فاؤنڈیشن نے پٹنہ کے پاٹلی پتر علاقے میں این جی او برساسیوا پرکلپ کو موبائل کلینک عطیہ کیا ہے۔ برساسیوا پرکلپ زمینی سطح پر کام کرنے والا ایک این جی او ہے۔ یہ بچوں کو تعلیم، اور خواتین کی مستحکم کاری کیلئے کام کرتا ہے۔ ساتھ ہی سیلاب اور قدرتی آفات کے دوران راحت کیلئے طبی خدمات فراہم کرتا ہے۔